# Octopus Digital Limited آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ

## نوٹس برائے ڈائریکٹران کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017ء سیکشن 159(4) کے تحت

کمپنیز ایکٹ 2017ء سیکشن 159(4) کے تحت آکٹوپس ڈیجیٹل لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کو مطلع کیا گیا ہے کہ مندرجہ ذیل افراد نے کمپنی کے ڈائریکٹران کے انتخاب کیلئے خود کو پیش کیا ہے، جو کہ کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام میں 08 جون 2024ء بروز ہفتہ صبح 10:00 بجے، بمقام نشاط ہوٹل، گیٹ نمبر 7، امپیریل بال روم - بی، ایمپوریم مال ملحق عبدالحق روڈ، جوہر ٹاون، لاہور سے مندرجہ ذیل کاروباری امور کو انجام دینے کیلئے منعقد ہوگا۔

کمپنی کے ڈائریکٹران نے 30 اپریل 2024ء کو اپنی میٹنگ میں، غیر معمولی اجلاس عام میں منتخب ہونے والے ڈائریکٹران کی تعداد آٹھ (08) مقرر کی ہے۔

**A ۔ خاتون ڈائریکٹرز کے لئے امیدوار:**

1- محترمہ صالحہ آصف

**B ۔ آزاد ڈائریکٹر کے لئے امیدوار:**

1- جناب محمد شاہد میر 2- جناب محمد عارف جنجوعہ

چونکہ امیدواروں کی تعداد جنہوں نے "خواتین" اور "آزاد ڈائریکٹر" کے لئے مذکورہ زمرہ میں انتخاب کے لئے خود کو پیش کیا ہے، وہ منتخب ہونے والے ڈائریکٹران کی تعداد کے برابر ہیں، لہذا، کمپنیز ایکٹ 2017ء، سیکشن 159(5) تحت، مذکورہ بالا امیدواروں کو ہفتہ 08 جون 2024ء کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام میں منتخب تصور کیا جائے گا۔

**C ۔ دیگر ڈائریکٹرز کے لئے امیدوار:**

1- جناب بختیار حمید وائیں 2- جناب خالد حمید وائیں 3- جناب تنویر کرامت 4- جناب اسامہ احمد عاطف 5- جناب عدیل خالد 6- جناب محمد صفی الدین

کمپنیز ایکٹ 2017ء، سیکشن 159 کے تحت شیئر ہولڈرز 08 جون 2024ء" سے شروع ہونے والی اگلی تین (03) سال کی مدت کے لیے، "دیگر ڈائریکٹر" کے زمرہ میں پانچ (05) ڈائریکٹرز کا انتخاب کریں گے جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مقرر کیا ہے۔

امیدوار الیکشن سے پہلے کسی بھی وقت اپنا الیکشن لڑنے کا نوٹس واپس لے سکتے ہیں۔ اقلیتی شیئر ہولڈرز کے طور پر الیکشن لڑنے کے خواہشمند امیدواروں کے پروفائلز اور بیانات کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: https://octopusdtl.com/

### ویب لنک برائے آن لائن میٹنگ بذریعہ "ZOOM"

ممبران کو کمپنی کے زیر انتظام ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے EOGM میں شرکت کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، نیچے دیے گئے لنک پر عمل کریں:

https://us06web.zoom.us/webinar/register/WN_YLodUy3IRZ6CGO5dKPF7Cg

EOGM میں شرکت کیلئے درج ذیل لنک سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں https://octopusdtl.com/investor-information/

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء (پوسٹل بیلٹ ریگولیشنز) کے تقاضوں کے مطابق ممبران ڈائریکٹران کی مذکورہ "دیگر ڈائریکٹرز" کے انتخاب کیلئے ممبران کو مذکورہ ضوابط میں بیان کردہ شرائط کے مطابق ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ اس کے مطابق، کمپنی اپنے ممبران کو ووٹنگ کے لیے درج ذیل اختیارات فراہم کرے گی:

**(i) الیکٹرانک ووٹنگ:**

کمپنی کی ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پوسٹل بیلٹ ریگولیشنز کے مطابق ممبران کو مکمل معلومات ان کے رجسٹر میں دستیاب ای میل ایڈریس پر فراہم کریں گے۔ بشمول ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، پاس ورڈ، ای ووٹ کی تاریخ اور دیگر ضروری تفصیلات اور ایس ایم ایس کے ذریعے سیکیورٹی کوڈ، تاہم ان تک محدود نہیں۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند ممبران کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے ذریعے کی جائے گی۔ ووٹ ڈالنے کے لیے ووٹنگ لائن 04 جون 2024ء شام 5:00 بجے سے ممبران کے لیے کھل دی جائے گی جو کہ 07 جون 2024ء شام 5:00 بجے تک دستیاب رہیں گے۔

**(ii) پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ:**

ممبران یقینی بنائیں کہ دستخط شدہ مکمل بیلٹ پیپر جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے، بشمول مطلوبہ دستاویزات مورخہ 07 جون 2024ء شام 4:00 بجے تک چیئرپرسن کو بمقام اونیسون بلڈنگ، 19-کلومیٹر، مین ملتان روڈ، لاہور پر بذریعہ ڈاک یا agm@octopusdtl.com پر ای میل کے ذریعے موصول ہو جانا چاہیے۔

احسن خلیل (کمپنی سیکرٹری)

لاہور مورخہ 01 جون 2024ء